اساس الصرف

صفحات 100

المدينة العلمية

شعبة الكتب الدراسية

اساس الصرف

مؤلف: مولانا ابو عکاشہ محمد اختر سعیدی عطاری مدنی

المدینۃ العلمیۃ

Islamic Research Center

(دعوتِ اسلامی)

ناشر

مکتبۃ المدینہ کراچی

نام کتاب	اساس الصرف
مؤلف	مولانا ابو عکاشہ محمد اختر سعیدی عطاری مدنی
کل صفحات	100
پہلی بار	رجب المرجب ۱٤٤۳ھ،فروری2022ء
تعداد	40000(چالیس ہزار)
پیش کش	المدینۃ العلمیۃ Islamic Research Center

مکتبۃ المدینہ
MAKTABA TUL MADINAH

دینی کتابوں کی اشاعت کا بین الاقوامی ادارہ

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی

Faizan-E-Madina,Mohalla Sodagaran,Old Sabzi Mandi,Karachi

UAN: +922111252692 , , :92-313-1139278

www.dawateislami.net www.maktabatulmadina.com

ilmia@dawateislami.net feedback@maktabatulmadina.com

پاکستان کے چند مکتبۃ المدینہ

اسلام آباد: شبیر شریف روڈ G-11 مرکز اسلام آباد	051-5553765	لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ	04237311679
ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ	0614511192	فیصل آباد: امین پور بازار	0412632625
پشاور: مکتبۃ المدینہ پشاور ائیر پورٹ	0092 311 9677780	حیدر آباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن	0222620122
سکھر: مکتبۃ المدینہ، فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ سکھر	0092 312 2611826	میرپور آزاد کشمیر: چوک شہیداں	05827437212

دنیا بھر کے چند مکتبۃ المدینہ

سعودی عرب: 00971-525641947	متحدہ عرب امارات: 00971-45146911	انگلینڈ: 0044 7872 119618	جرمنی: 0049 1521 6972748
ملائیشیا: 0060 16-934 1591	آسٹریلیا: 0061 430 539 226	اٹلی: 0039-3392358897	امریکہ: 001 (847) 800-3865
جاپان: 0081-8097526831	ترکی: 0090-5318980786	بھارت: 0091 93703 84948	ساؤتھ افریقہ: 0027 79 271 9161
ساؤتھ افریقہ: 0027 79 271 9161	بنگلہ دیش: 00880 1934-457874	کویت: 00965-99972721	ساؤتھ کوریا: 0082 105517-2612

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

"اساس الصرف"کی خصوصیات وفوائد

☆زیرِ نظر کتاب ”اساس الصرف “علمِ صَرف کی بنیادی اور ابتدائی کتاب ہے۔ اس میں درس نظامی کے ابتدائی درجات کے طلبہ وطالبات کی ذہنی سطح کو پیش نظر رکھتے ہوئے اہم اور ضروری اسباق و قواعد کو آسان انداز میں بیان کیا گیاہے۔

☆اس کتاب کی ترتیب و انداز میں علمِ صرف کے موضوع پہ قدیم و جدید انداز پر لکھی جانے والی سو سے زائد عربی واردو کتب کو مدِنظر رکھا گیاہے۔

☆کئی چیزوں کو نقشہ اور چارٹ کے ذریعے سمجھایا گیاہے۔

☆بعض اہم چیزوں کو ضرورتاً حاشیہ میں بیان کیا گیاہے۔

☆اس کتاب میں روز مرہ استعمال ہونے والے اسماء و اَفعال کو لایا گیا ہے، تاکہ طلبہ و طالبات میں عربی زبان میں روزہ مرہ استعمال ہونے والے الفاظ کی پہچان کرنے کی صلاحیت پیدا ہو۔

☆اسلوب اور انداز کوماہرینِ فن سے چیک کروایا گیاہے۔

☆اس کتاب کو سمجھ کر پڑھنے اور یاد کر لینے سے نہ صِرف درسِ نظامی کے طلبہ و طالبات کو صَرف کے ابتدائی اور بنیادی قواعد سیکھنے میں مدد ملے گی، بلکہ اسکول و کالج کے اسٹوڈنٹس بھی اس کتاب کا مطالعہ کرکے استفادہ کرسکتے ہیں۔

تمارین کی خصوصیات

☆صیغوں کی پہچان، مضبوطی اورالفاظ کے ذخیرہ کوبڑھانے کے لئے ہر سبق کی تمرین میں سوالات کااہتمام کیاگیاہے۔

☆اس کتاب میں ماہانہ ٹیسٹ کی طرز پر متفرق اسباق کی مشترکہ تمارین(مشقوں)کااہتمام کیاگیاہے۔

☆تمارین میں قرآن پاک سے بھی صیغے لئے گئے ہیں۔

پہلا سبق

علمِ صرف کا تعارف

علم صرف کی تعریف:

صرف وہ علم ہے، جس میں ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانے اور ان میں مختلف تبدیلیاں کرنے کے قواعد بیان کئے جاتے ہیں۔

موضوع:

علم صرف کا موضوع کلمہ ہے، صیغہ[1] کے اعتبار سے۔

فائدہ:

صیغوں کو بنانے اور ان میں تبدیلی کرنے میں ذہن کو غلطی سے بچانا۔

تمرین

سوال نمبر1: علم صرف کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر2: علم صرف کا موضوع اور فائدہ بیان کریں۔

(1)......صیغہ کلمہ کی اس شکل کو کہتے ہیں جو حروف اور حرکات وسکنات کی مخصوص ترتیب سے حاصل ہوتی ہے۔ مثلاً ضَرَبَ

کلمہ کی تعریف:

با معنیٰ لفظ کو "کلمہ" کہتے ہیں۔ جیسے: کُرَّاسَةٌ (کاپی)، قَلَمٌ (قلم)

کلمہ کی اقسام

اسم کی تعریف:

اسم وہ کلمہ ہے، جس کا معنیٰ اس لفظ سے ہی سمجھ آجائے، کسی اور لفظ کے ملانے کی ضرورت نہ ہو اور اس میں کوئی زمانہ، نہ پایا جائے۔ جیسے: کُرْسِیٌّ (کرسی) رَجُلٌ (مرد)

فعل کی تعریف:

فعل وہ کلمہ ہے، جس کا معنیٰ اس لفظ سے ہی سمجھ آجائے، کسی اور لفظ کے ملانے کی ضرورت نہ ہو اور اس میں کوئی زمانہ[1] بھی پایا جائے۔ جیسے: ضَرَبَ (اس نے مارا)، يَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا)

---

(1)......زمانہ وقت کو کہتے ہیں۔ اس کی تین قسمیں ہیں: (1) **ماضی**: گزرا ہوا زمانہ۔ (2) **حال**: موجودہ زمانہ۔ (3) **مستقبل**: آنے والا زمانہ۔

حرف کی تعریف:

حرف وہ کلمہ ہے، جس کا معنیٰ کسی دوسرے کلمہ سے مل کر ہی سمجھ آئے۔ جیسے: مِنْ (سے) إِلیٰ (تک)

تمرین

سوال نمبر1: کلمہ کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر2: کلمہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں، ہر ایک کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر3: معنیٰ پر غور کرتے ہوئے درج ذیل کلمات میں سے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں۔

غَسَلَ (اس نے دھویا)	جَمَلٌ (اونٹ)	بَقَرَۃٌ (گائے)
فِيْ (میں)	قَعَدَتْ (وہ بیٹھی)	جَلَسَ (وہ بیٹھا)
يَشْرَبُ (وہ پیتا ہے یا پیئے گا)	بَ (ساتھ)	عَلِمَ (اس نے جانا)
ذَھَبَ (وہ گیا)	تَأْکُلُ (وہ کھاتی ہے یا کھائے گی)	نَاقَۃٌ (اونٹنی)

فعل کی تقسیم کا بیان

فائدہ: فعل کی تقسیم کے کئی اعتبار ہیں۔

فعل ماضی:

وہ فعل ہے، جس میں گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے۔

جیسے: جَلَسَ (وہ بیٹھا)، ضَرَبَ (اس نے مارا)

فعل مضارع:

وہ فعل ہے، جس میں موجودہ یا آنے والے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جائے۔

جیسے: یَجْلِسُ (وہ بیٹھتا ہے یا بیٹھے گا)، یَضْرِبُ (وہ مارتا ہے یا مارے گا)

فعل امر:

وہ فعل ہے، جس میں کسی سے آنے والے زمانے میں کسی کام کا مطالبہ کیا جائے۔

جیسے: اِضْرِبْ (تو مار)، اُکْتُبْ (تو لکھ)، اِعْلَمْ (تو جان)

تمرین

سوال نمبر 1: زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں، ہر ایک کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل افعال سے فعل ماضی، فعل مضارع اور فعل امر الگ الگ کریں۔

سَرَقَ (اس نے چرایا)	رَبَطَ (اس نے ملایا)	قَرُبَ (وہ نزدیک ہوا)
اُبْسُطْ (تو پھیلا)	يَضْحَكُ (وہ ہنستا ہے یا ہنسے گا)	يَمْنَعُ (وہ روکتا ہے یا روکے گا)
يَرْجِعُ (وہ لوٹتا ہے یا لوٹے گا)	يَنْزِلُ (وہ اترتا ہے یا اترے گا)	اِذْهَبْ (تو جا)
اُطْلُبْ (تو طلب کر)	يَأْخُذُ (وہ لیتا ہے یا لے گا)	يَلْبَسُ (وہ پہنتا ہے یا پہنے گا)

چوتھا سبق

فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی تقسیم

فائدہ: ہر فعل (کام) کا فاعل (فعل کو کرنے والے کا) ہونا ضروری ہے، اس کے بغیر فعل نہیں پایا جاسکتا۔ جیسے: ضَرَبَ (مارا) یہ فعل (کام) اس وقت تک نہیں پایا جائے گا جب تک فاعل (یعنی کوئی مارنے والا) نہ ہو۔

فعل معروف:

وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، اسے فعلِ معروف کہتے ہیں۔ جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ (زید نے مارا) میں مارنے والا زید معلوم ہے۔

فعل مجہول:

وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، اسے فعلِ مجہول کہتے ہیں۔ جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ (زید مارا گیا) میں مارنے والا معلوم نہیں ہے۔

تمرین

سوال نمبر1: فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں، ہر ایک کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل جملوں میں سے فعل معروف اور فعل مجہول الگ الگ کریں۔

نَصَرَ زَيْدٌ (زید نے مدد کی)	خَتَمَ اللّٰهُ (اللہ نے مہر لگادی)
شُرِبَ مَاءٌ (پانی پیا گیا)	فُتِحَ الْبَابُ (دروازہ کھولا گیا)
كَتَبَ بَكْرٌ (بکر نے لکھا)	ذَهَبَ عَمْرٌو (عمرو گیا)

پانچواں سبق
ضمیر کا بیان

ضمیر کی تعریف:

ضمیر وہ اسم ہے جو کسی متکلم، مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرے جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہو[1]۔ جیسے: أَنَا (میں) أَنْتَ (تو) هُوَ (وہ)

ضمیر کی دو قسمیں ہیں: (1) متصل (2) منفصل

ضمیر متصل کی تعریف:

وہ ضمیر ہے، جو اپنے عامل[2] سے ملی ہوئی ہو۔ جیسے: ضَرَبْتَ میں "تَ" ضَرَبَكَ میں "كَ" اور لَهُمْ میں هُمْ ضمیریں متصل ہیں۔

ضمیر متصل کی تین قسمیں ہیں: (1) مرفوع (2) منصوب (3) مجرور

ضمیر مرفوع متصل:

وہ ضمیر ہے جو محلِ رفع (مرفوع کی جگہ) میں واقع ہوتی ہے اور فاعل یا نائب الفاعل بنتی ہے۔ جیسے: ضَرَبَتْ میں "هِيَ" اور ضَرَبْنَا میں "نَا" ضمیریں مرفوع متصل ہیں۔

ضمیر منصوب متصل:

وہ ضمیر ہے جو محلِ نصب (منصوب کی جگہ) میں واقع ہوتی ہے اور اگر فعل سے ملی ہوئی ہو تو مفعول بہ اور اگر حروف مشبہ بالفعل سے ملی ہوئی ہو تو ان کا اسم واقع ہوتی ہے۔ جیسے: ضَرَبَهُ میں "هُ" ضمیر منصوب متصل ضَرَبَ فعل کا مفعول بہ ہے اور إِنَّهُ میں "هُ" ضمیر

---

(1)......اسم ضمیر کے علاوہ ہر اسم کو اسمِ ظاہر کہتے ہیں۔

(2)......عامل وہ شے ہے جس کی وجہ سے مُعرَب کا آخر تبدیل ہو جاتا ہے۔

منصوب متصل حرف مشبہ بالفعل "إِنَّ" کا اسم ہے۔

ضمیر مجرور متصل:

وہ ضمیر ہے جو محلِ جر (مجرور کی جگہ) میں واقع ہوتی ہے، اگر اسم سے ملی ہوئی تو مضاف الیہ اور اگر حرف جر سے ملی ہوئی ہو تو مجرور واقع ہوتی ہے۔ جیسے: غُلَامُهٗ میں "ہٗ" ضمیر مجرور متصل اسم غُلَامُ کا مضاف الیہ اور لَهٗ میں "ہٗ" ضمیر مجرور متصل "ل" حرف جر کا مجرور ہے۔

ضمیر منفصل کی تعریف:

وہ ضمیر ہے جو اپنے عامل کے ساتھ ملی ہوئی نہ ہو۔ جیسے: نَحْنُ، اِيَّانَا

ضمیر منفصل کی دو قسمیں ہیں: (1) مرفوع (2) منصوب

ضمیر مرفوع منفصل:

وہ ضمیر ہے جو محلِ رفع میں واقع ہوتی ہے اور عموماً مبتداء، خبر، فاعل یا نائب الفاعل بنتی ہے۔ جیسے: هُوَ

ضمیر منصوب منفصل:

وہ ضمیر ہے جو محلِ نصب میں واقع ہوتی ہے اور اکثر مفعول بہ بنتی ہے۔ جیسے: اِيَّاهُ

ضمیر مرفوع متصل کی اقسام

ضمیر مرفوع متصل کی دو قسمیں ہیں: (1) بارز (2) مستتر

ضمیر مرفوع متصل بارز (ظاہر):

وہ ضمیر ہے جو لکھنے اور پڑھنے میں آئے۔ جیسے: ضَرَبْتُ میں "تُ" ضمیر بارز ہے۔

ضمیر مرفوع متصل مستتر (پوشیدہ):

وہ ضمیر جو لکھنے اور پڑھنے میں نہ آئے۔ جیسے: ضَرَبَ میں هُوَ ضمیر مستتر ہے۔

متصل مرفوع: بارز	متصل مرفوع: مستتر	متصل منصوب: فعل سے متصل	متصل منصوب: حرف مشبہ بالفعل سے متصل	متصل مجرور: اسم سے متصل	متصل مجرور: حرف جر سے متصل	منفصل: مرفوع	منفصل: منصوب
ضَرَبَا	ضَرَبَ میں ھُوَ	ضَرَبَہٗ	إِنَّہٗ	کِتَابُہٗ	لَہٗ	ھُوَ	اِیَّاہٗ
ضَرَبُوْا	ضَرَبَتْ میں ھِیَ	ضَرَبَھُمَا	إِنَّھُمَا	کِتَابُھُمَا	لَھُمَا	ھُمَا	اِیَّاھُمَا
ضَرَبَتَا	یَضْرِبُ میں ھُوَ	ضَرَبَھُمْ	إِنَّھُمْ	کِتَابُھُمْ	لَھُمْ	ھُمْ	اِیَّاھُمْ
ضَرَبْنَ	تَضْرِبُ میں ھِیَ	ضَرَبَھَا	إِنَّھَا	کِتَابُھَا	لَھَا	ھِیَ	اِیَّاھَا
ضَرَبْتَ	تَضْرِبُ میں أَنْتَ	ضَرَبَھُمَا	إِنَّھُمَا	کِتَابُھُمَا	لَھُمَا	ھُمَا	اِیَّاھُمَا
ضَرَبْتُمَا	اَضْرِبُ میں أَنَا	ضَرَبَھُنَّ	إِنَّھُنَّ	کِتَابُھُنَّ	لَھُنَّ	ھُنَّ	اِیَّاھُنَّ
ضَرَبْتُمْ	نَضْرِبُ میں نَحْنُ	ضَرَبَکَ	إِنَّکَ	کِتَابُکَ	لَکَ	أَنْتَ	اِیَّاکَ
ضَرَبْتِ		ضَرَبَکُمَا	إِنَّکُمَا	کِتَابُکُمَا	لَکُمَا	أَنْتُمَا	اِیَّاکُمَا
ضَرَبْتُمَا		ضَرَبَکُمْ	إِنَّکُمْ	کِتَابُکُمْ	لَکُمْ	أَنْتُمْ	اِیَّاکُمْ
ضَرَبْتُنَّ		ضَرَبَکِ	إِنَّکِ	کِتَابُکِ	لَکِ	أَنْتِ	اِیَّاکِ
ضَرَبْتُ		ضَرَبَکُمَا	إِنَّکُمَا	کِتَابُکُمَا	لَکُمَا	أَنْتُمَا	اِیَّاکُمَا
ضَرَبْنَا		ضَرَبَکُنَّ	إِنَّکُنَّ	کِتَابُکُنَّ	لَکُنَّ	أَنْتُنَّ	اِیَّاکُنَّ
		ضَرَبَنِیْ	إِنَّنِیْ	کِتَابِیْ	لِیْ	أَنَا	اِیَّایَ
		ضَرَبَنَا	إِنَّنَا	کِتَابُنَا	لَنَا	نَحْنُ	اِیَّانَا

نوٹ:

1. فعل مضارع، فعل امر اور فعل نہی کے تثنیہ کے چار صیغوں میں الف، جمع مؤنث (غائب وحاضر) کے دو صیغوں میں "ن" یعنی جمع مؤنث کا نون اور جمع مذکر (غائب وحاضر) کے دو صیغوں میں "و أو" جمع اور واحد مؤنث حاضر کے صیغے میں "ی" مخاطبہ ضمیریں بارز ہیں۔
2. فعل مضارع کی طرح فعل امر اور فعل نہی کے بھی پانچ مرفوع صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر اور واحد وجمع متکلم) میں ضمیر مستتر ہوتی ہے۔

تمرین

سوال نمبر1: ضمیر کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں۔

سوال نمبر2: ضمیر منصوب متصل اور ضمیر مجرور متصل کس کس چیز سے متصل ہوتی ہے۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ میں ضمیر کی قسم کی پہچان کریں۔

نَحْنُ	اِيَّاهُمْ	ضَرَبْنَ	إِنَّكُنَّ
إِنَّهَا	ضَرَبَ	تَضْرِبُ	ضَرَبَنَا
أَنْتَ	كِتَابُهُنَّ	لَكِ	اِيَّايَ
ضَرَبْنَا	اِيَّاكُمْ	لَهُنَّ	أَنْتُمْ
ضَرَبَكُمْ	ضَرَبَتْ	كِتَابُكُمْ	لِيْ

فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد[1] کے مصدر[2] کے "ف" اور "ل" کلمہ کو فتحہ اور "ع[3]" کلمہ پر کبھی فتحہ، کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ آتا ہے۔ ضَرَبَ، سَمِعَ، کَرُمَ

نوٹ: اس طرح فعل ماضی معروف کے تین وزن ہیں: 1- فَعَلَ 2- فَعِلَ 3- فَعُلَ

فائدہ: فتحہ زبر کو، کسرہ زیر کو اور ضمہ پیش کو کہتے ہیں۔

---

(1)..... ثلاثی مجرد وہ کلمہ (اسم یا فعل)، جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے صِدْقٌ (سچ) بروزن فِعْلٌ، ضَرَبَ بروزن فَعَلَ

(2)..... مصدر وہ اسم ہے جس سے دوسرے کلمات تو بنتے ہوں، لیکن وہ خود کسی سے نہ بنا ہو۔ جیسے: ضَرْبٌ (مارنا) دُخُوْلٌ (داخل ہونا)

(3)..... کلامِ عرب کا میزان (جس سے کلمہ کا وزن معلوم کرتے ہیں) ف، ع اور ل ہیں، جن کا مجموعہ "فعل"

ہے۔

فعل ماضی معروف بفتح العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
ضَرَبَ	مارا اس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
ضَرَبَا	مارا ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
ضَرَبُوْا	مارا ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
ضَرَبَتْ	مارا اس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
ضَرَبَتَا	مارا ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
ضَرَبْنَ	مارا ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
ضَرَبْتَ	مارا تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
ضَرَبْتُمْ	مارا تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
ضَرَبْتِ	مارا تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
ضَرَبْتُنَّ	مارا تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
ضَرَبْتُ	مارا میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
ضَرَبْنَا	مارا ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل مصادر سے فعل ماضی معروف بفتح العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

خُرُوْجٌ(نکلنا)، فَتْحٌ(کھولنا)، کَسْبٌ (کمانا)، صَبْرٌ(صبر کرنا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کرکے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

رَفَعْنَا　　خَلَقْتِ　　خَتَمَا

كَتَبَ　　سَقَطَتْ　　سَكَنْتَ

حَرَصْتُمَا　　نَصَبْتُ　　دَرَسُوْا

فعل ماضی معروف بکسر العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
سَمِعَ	سنا اس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
سَمِعَا	سنا ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
سَمِعُوْا	سنا ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
سَمِعَتْ	سنا اس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
سَمِعَتَا	سنا ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
سَمِعْنَ	سنا ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
سَمِعْتَ	سنا تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
سَمِعْتُمَا	سنا تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
سَمِعْتُمْ	سنا تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
سَمِعْتِ	سنا تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
سَمِعْتُمَا	سنا تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
سَمِعْتُنَّ	سنا تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
سَمِعْتُ	سنا میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
سَمِعْنَا	سنا ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل مصادر سے فعل ماضی معروف بکسر العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

ضِحْكٌ(ہنسنا)، حَمْدٌ(تعریف کرنا)، عِلْمٌ(جاننا)، حِسْبَانٌ(گمان کرنا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کرکے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

بَخِلَ	بَرِقَتَا	مَرِضْتُ
رَكِبَا	عَجِبُوْا	غَضِبْتُنَّ
حَصِرَتْ	تَبِعْتُمْ	ظَفِرْنَ

آٹھواں سبق

فعل ماضی معروف بضم العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
كَرُمَ	بزرگ ہوا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
كَرُمَا	بزرگ ہوئے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
كَرُمُوْا	بزرگ ہوئے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
كَرُمَتْ	بزرگ ہوئی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
كَرُمَتَا	بزرگ ہوئیں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
كَرُمْنَ	بزرگ ہوئیں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
كَرُمْتَ	بزرگ ہوا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
كَرُمْتُمَا	بزرگ ہوئے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
كَرُمْتُمْ	بزرگ ہوئے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
كَرُمْتِ	بزرگ ہوئی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
كَرُمْتُمَا	بزرگ ہوئیں تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
كَرُمْتُنَّ	بزرگ ہوئیں تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
كَرُمْتُ	بزرگ ہوا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
كَرُمْنَا	بزرگ ہوئے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

سوال نمبر1: درج ذیل مصادر سے فعل ماضی معروف بضم العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

قُرْبٌ(نزدیک ہونا) بُعْدٌ(دور ہونا) نَظَافَةٌ(صاف ستھرا ہونا) كَثْرَةٌ(زیادہ ہونا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

ثَقُلْنَا	ضَعُفْنَ	شَرُفَتَا
بَصُرْتِ	كَبُرْتُمَا	بَطُلْتُ
طَهُرَتْ	عَظُمَ	سَهُلْتُمَا

نواں سبق

فعل ماضی مجہول

فائدہ: فعل ماضی مجہول، ماضی معروف سے بنتا ہے۔

فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ:

فعل ماضی معروف کے "ف" کلمہ کو ضمّہ اور "ع" کلمہ کو کسرہ دیا جاتا ہے، جبکہ "ل" کلمہ اپنی حالت پر رہتا ہے جیسے نَصَرَ سے نُصِرَ، شَرِبَ سے شُرِبَ

فعل ماضی مجہول کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
ضُرِبَ	مارا گیا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
ضُرِبُوْا	مارے گئے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل ماضی مجہول بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل فعل ماضی معروف کے صیغوں سے فعل ماضی مجہول کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

شَرِبَ(اس نے پیا)،**نَصَرَ**(اس نے مدد کی)،**مَدَحَ**(اس نے تعریف کی)، **جَحَدَ**(اس نے انکار کیا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کرکے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

فُسِدَ   بُلِغْتُ   مُنِعَا

قُطِعْتِ   جُرِحْنَا   ظُلِمْتُنَّ

جُعِلَتْ   خُلِقْتُمْ   طُحِنُوْا

فائدہ: فعل مضارع معروف، فعل ماضی معروف سے بنتا ہے۔

فعل مضارع معروف بنانے کا طریقہ:

فعل ماضی معروف کے شروع میں حروف مضارع (أ، ت، ی، ن)[1] میں سے کوئی حرف لگا کر "ف" کلمہ ساکن کرتے ہیں اور "ع" کلمہ پر باب کے مطابق حرکت لاتے ہیں یعنی کبھی فتحہ، کبھی کسرہ اور کبھی ضمہ اور آخر کو رفع دیتے ہیں۔ جیسے فَتَحَ سے یَفْتَحُ ، ضَرَبَ سے یَضْرِبُ اور نَصَرَ سے یَنْصُرُ

نوٹ: اس طرح فعل مضارع معروف کے تین وزن ہیں: 1- یَفْعَلُ 2- یَفْعِلُ 3- یَفْعُلُ

---

(1)......حروف مضارع چار ہیں (أ، ت، ی، ن) ان کا مجموعہ "اَتَیْن" ہے اور ان کو علامات مضارع اور حروف اَتَیْن بھی کہتے ہیں۔

فائدہ نمبر1:

فعل مضارع کے شروع میں حروفِ مضارع میں سے کسی ایک حرف کا ہونا ضروری ہے۔ چنانچہ

☆أ: واحد متکلم کے شروع میں آتا ہے۔

☆ت: آٹھ صیغوں کے شروع میں آتی ہے، جن میں سے چھ صیغے حاضر کے اور دو صیغے واحد و تثنیہ مونث غائب کے ہیں۔

☆ی: چار صیغوں کے شروع میں آتی ہے، جن میں سے تین صیغے مذکر غائب کے اور ایک صیغہ جمع مؤنث غائب کا ہے۔

☆ن: جمع متکلم کے شروع میں آتا ہے۔

فائدہ نمبر2:

☆فعل مضارع کے پانچ صیغوں (دو، واحد مذکر غائب وحاضر، ایک واحد مؤنث غائب، دو، واحد وجمع متکلم) کے آخر کو رفع دیتے ہیں۔ ان پانچوں کو "مرفوع صیغے" کہا جاتا ہے۔

☆سات صیغوں (چاروں تثنیہ، جمع مذکر حاضر و غائب اور واحد مؤنث حاضر) کے آخر میں نونِ اعرابی بڑھا دیتے ہیں۔ انہیں نونِ اعرابی والے صیغے کہا جاتا ہے۔

☆دو صیغوں (جمع مؤنث حاضر وغائب) کے آخر میں نونِ ضمیری لگاتے ہیں۔

فعل مضارع معروف بفتح العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
يَفْتَحُ	کھولتاہے یاکھولے گاوہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
يَفْتَحَانِ	کھولتے ہیں یاکھولیں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يَفْتَحُوْنَ	کھولتے ہیں یاکھولیں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَفْتَحُ	کھولتی ہے یاکھولے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَفْتَحَانِ	کھولتی ہیں یاکھولیں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
يَفْتَحْنَ	کھولتی ہیں یاکھولیں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَفْتَحُ	کھولتاہے یاکھولے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَفْتَحَانِ	کھولتے ہو یاکھولو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَفْتَحُوْنَ	کھولتے ہو یاکھولو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَفْتَحِيْنَ	کھولتی ہے یاکھولے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَفْتَحَانِ	کھولتی ہو یاکھولو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَفْتَحْنَ	کھولتی ہو یاکھولو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَفْتَحُ	کھولتاہوں یاکھولوں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
نَفْتَحُ	کھولتے ہیں یاکھولیں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ وجمع متکلم (مذکر ومؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل مضارع معروف بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: حروف مضارع میں سے کون کون سا حرف کتنے اور کون کون سے صیغے کے شروع میں آتا ہے۔

سوال نمبر3: نونِ ضمیری کتنے اور کون کون سے صیغے کے آخر میں آتا ہے۔

سوال نمبر4: درج ذیل فعل ماضی معروف کے صیغوں سے فعل مضارع معروف بفتح العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

قَدِمَ (وہ آیا) جَعَلَ (اس نے بنایا)، رَفَعَ (اس نے اٹھایا)، قَطَعَ (اس نے کاٹا)

سوال نمبر5: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

تَحْزَنَانِ	يَخْدَعُوْنَ	يَضْحَكَانِ
تَزْرَعَانِ	اَشْهَدُ	نَحْفَظُ
يَجْحَدُ	تَفْقَهُ	يَمْنَعْنَ

گیارہواں سبق

فعل مضارع معروف بکسر العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَضْرِبُ	مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یَضْرِبْنَ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَضْرِبَانِ	مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَضْرِبُوْنَ	مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَضْرِبِیْنَ	مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَضْرِبَانِ	مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَضْرِبْنَ	مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَضْرِبُ	مارتا ہوں یا ماروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل فعل ماضی معروف کے صیغوں سے فعل مضارع معروف بکسر العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

غَلَبَ(اس نے غلبہ پایا)، کَشَفَ(اس نے کھولا)، صَرَفَ(اس نے پھیرا)، رَجَعَ(وہ لوٹا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

تَحْلِفُوْنَ	يَخْصِفَانِ	تَفْقِدُوْنَ
يَسْبِتُوْنَ	تَحْمِلَانِ	يَقْدِرُ
يَبْطِشُ	نَطْمِسُ	يَغْزِلْنَ

فعل مضارع معروف بضم العین کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
يَنْصُرُ	مدد کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
يَنْصُرَانِ	مدد کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يَنْصُرُوْنَ	مدد کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَنْصُرُ	مدد کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَنْصُرَانِ	مدد کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
يَنْصُرْنَ	مدد کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَنْصُرُ	مدد کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَنْصُرَانِ	مدد کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَنْصُرُوْنَ	مدد کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَنْصُرِيْنَ	مدد کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَنْصُرَانِ	مدد کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَنْصُرْنَ	مدد کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَنْصُرُ	مدد کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَنْصُرُ	مدد کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل فعل ماضی معروف کے صیغوں سے فعل مضارع معروف بضم العین کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

خَلَقَ (اس نے پیدا کیا)، **عَبَدَ** (اس نے عبادت کی)، **شَرُفَ** (وہ بزرگ ہوا)، **لَطُفَ** (وہ پاکیزہ ہوا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کرکے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

يَحْشُرُ	نَدْخُلُ	يَبْذُلُ
يَخْرُصُوْنَ	تَحْكُمُ	تَحْسُدْنَ
اَبْصُرُ	يَخْرُجْنَ	يَبْسُطُ

تیرہواں سبق

فعل مضارع مجہول

فائدہ: فعل مضارع مجہول فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔

فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع مجہول بنانے کے لئے حروف مضارع کو ضمہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے۔ جیسے: يَضْرِبُ سے يُضْرَبُ، يَنْصُرُ سے يُنْصَرُ، يَفْتَحُ سے يُفْتَحُ

فعل مضارع مجہول کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تُضْرَبِیْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اُضْرَبُ	مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل فعل مضارع معروف کے صیغوں سے فعل مضارع مجہول کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

يَفْتَحُ (وہ کھولتا ہے یا کھولے گا)، يَقْتُلُ(وہ قتل کرتا ہے یا کرے گا)، يَغْسِلُ(وہ دھوتا ہے یا دھوئے گا)، يَلْعَبُ(وہ کھیلتا ہے یا کھیلے گا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

نُقْصَدُ	يُنْظَرَانِ	تُظْلَمِيْنَ
يُرْزَقُوْنَ	اُبْعَثُ	تُرْحَمُوْنَ
تُفْصَلْنَ	يُمْنَعْنَ	تُسْمَعَانِ

ماضی و مضارع معروف و مجہول کی مشترکہ تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل افعال سے فعل ماضی و مضارع معروف و مجہول الگ الگ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع معروف میں بضم العین، بفتح العین اور بکسر العین کی بھی نشاندہی کریں۔

فَهِمَ (وہ سمجھا)	**يَرْكَبُ** (وہ سوار ہوتا ہے یا ہوگا)
يَبْذُلُ (وہ خرچ کرتا ہے یا کرے گا)	**تُرِكَ** (وہ چھوڑا گیا)
يَعْدِلُ (وہ انصاف کرتا ہے یا کرے گا)	**شَرُفَ** (وہ بزرگ ہوا)
يُرْزَقُ (وہ روزی دیا جاتا ہے یا دیا جائے گا)،	**جَلَسَ** (وہ بیٹھا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کرکے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

يَبْحَثْنَ	فَزِعَ	يَخْطَفُ
جَعَلْنَا	تَدْرُسُوْنَ	تُتْرَكْنَ
تَغْرُبَانِ	بُعِثْتُ	غَرَبَتْ
مُنِعَتَا	تُحْمَلِيْنَ	تَقْرِضُ

چودھواں سبق

فعل امر کا بیان

فائدہ: فعل امر کو فعل مضارع سے بناتے ہیں، فعل امر کا جو صیغہ بنانا ہو اس کو فعل مضارع کے اسی صیغے سے بنائیں گے یعنی غائب کو غائب سے، حاضر کو حاضر سے متکلم کو متکلم سے معروف کو معروف سے اور مجہول کو مجہول سے۔

فعل امر معروف

فعل امر حاضر معروف

فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ:

امر حاضر معروف کے چھ صیغے ہوتے ہیں، جو مضارع حاضر معروف کے چھ صیغوں سے بنتے ہیں۔ مضارع حاضر معروف سے حرفِ مضارع (ت) کو گرانے کے بعد، بعد والے حرف کی دو صورتیں ہوں گی: (1) متحرک (2) ساکن

(1) متحرک:

☆ اگر بعد والا حرف متحرک ہو تو آخری حرف کو ساکن کر دیں، بشرطیکہ آخر میں حرف علت[1]، نونِ اعرابی یا نون ضمیری نہ ہو۔ جیسے: تَعِدُ سے عِدْ

☆ اگر حرف علت یا نون اعرابی ہو تو انہیں گرادیں۔ جیسے: تَقِيْ سے قِ، تَضْرِبَانِ سے اِضْرِبَا

☆ اگر نون ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ جیسے: تَضْرِبْنَ سے اِضْرِبْنَ

(2) ساکن:

☆ اگر بعد والا حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ وصلی[2] لگائیں، پھر دیکھیں کہ اگر عین کلمہ کی حرکت ضمہ ہے تو ہمزہ وصلی پر ضمہ لائیں ورنہ کسرہ، بہر صورت آخر کو ساکن کر دیں، بشرطیکہ آخر میں حرف علت، نونِ اعرابی یا نون ضمیری نہ ہو۔ جیسے تَنْصُرُ سے

---

(1)......الف، واؤ اور یاء کو **حروف علت** اور ان کے علاوہ باقی تمام حروف تہجی کو **حروف صحیحہ** کہتے ہیں۔

(2)......ہمزہ وصل وہ ہمزہ ہے جو لکھا اور بولا جاتا ہے، لیکن جب درمیان کلام میں واقع ہو تو تلفظ سے گرادیا جاتا ہے۔

اُنْصُرْ،تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ، تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ

☆اگر حرف علت یا نون اعرابی ہو تو انہیں گرا دیں۔ جیسے: تَدْعُوْ سے اُدْعُ، تَنْصُرَانِ سے اُنْصُرَا،تَرْمِیْ سے اِرْمِ، تَضْرِبَانِ سے اِضْرِبَا

☆اگر نون ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔ جیسے:تَنْصُرْنَ سے اُنْصُرْنَ، تَضْرِبْنَ سے اِضْرِبْنَ

فعل امر حاضر معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
اِضْرِبُوْا	مارو تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
اِضْرِبِیْ	مار تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

تمرین

سوال نمبر1: فعل امر حاضر معروف بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے فعل امر حاضر معروف کی گردان لکھیں۔

تَشْکُرُ (تو شکر کرتا ہے یا کرے گا) **تَحْفَظُ** (تو یاد کرتا ہے یا کرے گا) **تَھْرُبُ** (تو بھاگتا ہے یا بھاگے گا) **تَطْلُبُ** (تو طلب کرتا ہے یا کرے گا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

اِرْکَعْنَ	اِدْفَعْ	اِعْدِلُوْا
اُغْلُظْ	اُفْرُقَا	اِشْرَحْ
اُعْبُدُوْا	اُسْکُنْ	اُسْجُدِیْ

فعل امر غائب و متکلم معروف

فعل امر غائب و متکلم معروف بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع غائب و متکلم معروف کے شروع میں لامِ امر مکسور لگائیں اور آخر کو جزم دیں، بشرطیکہ آخر میں حرف علت، نونِ اعرابی یا نونِ ضمیری نہ ہو۔ جیسے: یَضْرِبُ سے لِیَضْرِبْ

اگر حرف علت یا نونِ اعرابی ہو تو انہیں گرادیں۔ جیسے: یَدْعُوْ سے لِیَدْعُ، یَضْرِبَانِ سے لِیَضْرِبَا

☆ اگر نون ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ جیسے: یَضْرِبْنَ سے لِیَضْرِبْنَ

فعل امر غائب و متکلم معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
لِیَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِیَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لِیَضْرِبُوْا	چاہیے کہ ماریں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لِتَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لِتَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لِیَضْرِبْنَ	چاہیے کہ ماریں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لِاَضْرِبْ	چاہیے کہ ماروں میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
لِنَضْرِبْ	چاہیے کہ ماریں ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل امر غائب و متکلم معروف بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے فعل امر غائب و متکلم معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

يَمْنَعُ (روکتا ہے یا روکے گا وہ ایک مرد)، يَنْزِلُ (اترتا ہے یا اترے گا وہ ایک مرد)، تَقْرُبُ (قریب ہوتا ہے یا ہو گا وہ ایک مرد)، يَرْكَبُ (سوار ہوتا ہے یا ہو گا وہ ایک مرد)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

لِيَحْكُمْ	لِأَعْمَلْ	لِيَفْرَحْنَ
لِيَنْظُرُوْا	لِتَكْتُبْ	لِتَصْفَحَا
لِيَضْحَكَا	لِنَجْهَلْ	لِيَعْبُدُوْا

سولھواں سبق

فعل امر مجہول

فعلِ امر مجہول بنانے کا طریقہ:

فعل مضارِع مجہول کے شروع میں لامِ امر مکسور لگائیں اور آخر کو جزم دیں، بشرطیکہ آخر میں حرف علت، نونِ اعرابی یا نون ضمیری نہ ہو۔ جیسے: یُضْرَبُ سے لِیُضْرَبْ

اگر حرف علت یا نونِ اعرابی ہو تو انہیں گرا دیں۔ جیسے: یُدْعیٰ سے لِیُدْعَ، یُضْرَبَانِ سے لِیُضْرَبَا

☆اگر نونِ ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ جیسے: یُضْرَبْنَ سے لِیُضْرَبْنَ

فعل امر مجہول کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
لِيُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لِيُضْرَبَا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لِيُضْرَبُوْا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لِتُضْرَبْ	چاہیے کہ ماری جائے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لِيُضْرَبْنَ	چاہیے کہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لِتُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جائے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ مارے جائیں تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لِتُضْرَبُوْا	چاہیے کہ مارے جائیں تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
لِتُضْرَبِی	چاہیے کہ ماری جائے تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ ماری جائیں تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لِتُضْرَبْنَ	چاہیے کہ ماری جائیں تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
لِاُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جاؤں میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لِنُضْرَبْ	چاہیے کہ مارے جائیں ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ وجمع متکلم (مذکر ومؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل امر مجہول بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے فعل امر مجہول کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

یُکْتَبُ (وہ لکھا جاتا ہے یا لکھا جائے گا) — **یُطْلَبُ** (وہ طلب کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا)

یُصْبَرُ (وہ صبر کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا) — **یُفْصَلُ** (وہ جدا جدا کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

لِیُسْرَقُوْا — لِاُزْجَرْ — لِیُقْصَدَا

لِنُنْزَعْ — لِیُمْضَعْنَ — لِتُجْمَعْنَ

سترہواں سبق

فعل نہی کا بیان

وہ فعل جس کے ذریعے کسی کو کسی کام سے روکا جائے۔ جیسے: لَاتَضْرِبْ (تو نامار)

نوٹ: فعلِ نہی مستقل فعل نہیں ہے، بلکہ در حقیقت فعلِ مضارع کے شروع میں لام نہی لگایا جاتا ہے جس کی وجہ سے مضارع کے آخری حرف پر جزم آجاتی ہے۔

فعل نہی معروف

فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ:

فعل مضارِع معروف کے شروع میں لائے نہی لگائیں اور آخر کو جزم دیں، بشرطیکہ آخر میں حرفِ علت، نونِ اعرابی یا نونِ ضمیری نہ ہو۔ جیسے: یَضْرِبُ سے لَایَضْرِبْ

اگر حرفِ علت یا نونِ اعرابی ہو تو انہیں گرادیں۔ جیسے: یَدْعُوْ سے لَایَدْعُ، یَضْرِبَانِ سے لَایَضْرِبَا

☆ اگر نونِ ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ جیسے: تَضْرِبْنَ سے لَاتَضْرِبْنَ

فعل نھی معروف کی گردان

صیغہ	ترجمہ	گردان
صیغہ واحد مذکر غائب	نہ مارے وہ ایک مرد	لَا یَضْرِبْ
صیغہ تثنیہ مذکر غائب	نہ ماریں وہ دو مرد	لَا یَضْرِبَا
صیغہ جمع مذکر غائب	نہ ماریں وہ سب مرد	لَا یَضْرِبُوْا
صیغہ واحد مؤنث غائب	نہ مارے وہ ایک عورت	لَا تَضْرِبْ
صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	نہ ماریں وہ دو عورتیں	لَا تَضْرِبَا
صیغہ جمع مؤنث غائب	نہ ماریں وہ سب عورتیں	لَا یَضْرِبْنَ
صیغہ واحد مذکر حاضر	نہ مار تو ایک مرد	لَا تَضْرِبْ
صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	نہ مارو تم دو مرد	لَا تَضْرِبَا
صیغہ جمع مذکر حاضر	نہ مارو تم سب مرد	لَا تَضْرِبُوْا
صیغہ واحد مؤنث حاضر	نہ مار تو ایک عورت	لَا تَضْرِبِیْ
صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	نہ مارو تم دو عورتیں	لَا تَضْرِبَا
صیغہ جمع مؤنث حاضر	نہ مارو تم سب عورتیں	لَا تَضْرِبْنَ
صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)	نہ ماروں میں	لَا اَضْرِبْ
صیغہ تثنیہ وجمع متکلم (مذکر ومؤنث)	نہ ماریں ہم دو یا سب	لَا نَضْرِبْ

تمرین

سوال نمبر1: فعل نہی معروف بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے فعل نہی معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

يَزْرَعُ (وہ کھیتی کرتا ہے یا کرے گا)	يَحْلِقُ (وہ حلق کرواتا ہے یا کروائے گا)
يَقْطَعُ (وہ کاٹتا ہے یا کاٹے گا)	يَنْهَرُ (وہ جھڑکتا ہے یا جھڑکے گا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کر کے صیغے کے مطابق ترجمہ کریں۔

لَايَبْخَسْ	لَانَسْخَرْ	لَا يَجْعَلُوْا
لَاتَحْزَنِیْ	لَاأَفْسُدْ	لَا تَلْبِسْنَ
لَاتَقْرَعُوْا	لَا يَخْرُجْنَ	لَاتَكْفُرَا

اٹھارواں سبق

فعل نہی مجہول

فعل نہی مجہول بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع مجہول کے شروع میں لائے نہی لگائیں اور آخر کو جزم دیں، بشرطیکہ آخر میں حرفِ علت، نونِ اعرابی یا نون ضمیری نہ ہو۔ جیسے: یُضْرَبُ سے لَایُضْرَبْ

اگر حرفِ علت یا نونِ اعرابی ہو تو انہیں گرادیں۔ جیسے: یُدْعیٰ سے لَایُدْعَ، یُضْرَبَانِ سے لَایُضْرَبَا

☆ اگر نونِ ضمیری ہو تو، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔ جیسے: یُضْرَبْنَ سے لَایُضْرَبْنَ

فعل نہی مجہول کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
لَا یُضْرَبْ	نہ مارا جائے وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
لَا یُضْرَبَا	نہ مارے جائیں وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
لَا یُضْرَبُوْا	نہ مارے جائیں وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
لَا تُضْرَبْ	نہ ماری جائے وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
لَا یُضْرَبْنَ	نہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
لَا تُضْرَبْ	نہ مارا جائے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لَا تُضْرَبَا	نہ مارے جاؤ تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لَا تُضْرَبُوْا	نہ مارے جاؤ تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
لَا تُضْرَبِیْ	نہ ماری جائے تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لَا تُضْرَبْنَ	نہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
لَا اُضْرَبْ	نہ مارا جاؤں میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
لَا نُضْرَبْ	نہ مارے جائیں ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: فعل نہی مجہول بنانے کا طریقہ بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے فعل نہی مجہول کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

يُمْنَعُ (وہ روکا جاتا ہے یا روکا جائے گا) — يُحْفَظُ (وہ حفاظت کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا)

يُمْدَحُ (وہ تعریف کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا) — يُرْفَعُ (وہ بلند کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا)

فعل امر و نهی معروف و مجهول کی مشترکہ تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل افعال سے صیغوں کی پہچان کریں، نیز فعل امر و نہی، معروف و مجہول کی نشاندہی کریں۔

لَيَسْكُتْ (چاہیے کہ وہ خاموش ہو) — لَاتُجْحَدْ (تو انکار نہ کیا جائے)

لِيُحْمَلَا (چاہیے کہ اٹھائے جائیں وہ دو مرد) — لِيُكْسَرْ (چاہیے کہ وہ توڑا جائے)

لِيَعْدِلْ (چاہیے کہ وہ انصاف کرے) — لَايَنْزِلْ (وہ نہ اترے)

لَايُقْطَعُوْا (نہ کاٹے جائیں وہ سب مرد) — لِتُعْرَفْ (چاہیے کہ تو پہچانا جائے)

اِسْعَدِیْ (تو ایک عورت سعادت مند ہو) — لَاتَفْسُدُوْا (تم فساد نہ کرو)

انیسواں سبق

حروف اصلیہ وزائدہ کا بیان

فائدہ: کلامِ عرب کا میزان (جس سے کلمہ کا وزن معلوم کرتے ہیں) ف، ع اور ل ہیں، جن کا مجموعہ "**فعل**" ہے۔[1]

حروف اصلیہ کی تعریف:

حروف اصلیہ وہ حروف ہیں جو "ف"، "ع" اور "ل" کلمہ کے مقابلہ میں آئیں۔

جیسے:

ضَرَبَ بروزن فَعَلَ	ضَرَبَ=فَعَلَ	ض=ف	ر=ع	ب=ل
عِلْمٌ بروزن فِعْلٌ	عِلْمٌ=فِعْلٌ	ع=ف	ل=ع	م=ل

حروف زائدہ کی تعریف:

حروف زائدہ وہ حروف ہیں جو "ف"، "ع" اور "ل" کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہوں۔ جیسے:

اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ	اَکْرَمَ=اَفْعَلَ	ک=ف	ر=ع	م=ل	ہمزہ(ا)زائدہ
کِتَابٌ بروزن فِعَالٌ	کِتَابٌ=فِعَالٌ	ك=ف	ت=ع	ب=ل	الف زائدہ

---

(1)......کلامِ عرب کا میزان ثلاثی مجرد میں ف، ع اور ایک لام، رباعی مجرد میں ف، ع اور دو لام، خماسی مجرد میں ف، ع اور تین لام ہے۔

تمرین

سوال نمبر 1: کلامِ عرب میں کلمے کا وزن کس طرح معلوم کرتے ہیں۔

سوال نمبر 2: حروف اصلیہ اور زائدہ کسے کہتے ہیں، مثال کے ساتھ بیان کریں۔

ثلاثی مجرد کی تعریف:

ثلاثی مجرد وہ کلمہ (اسم یا فعل) جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو۔ جیسے:

ثلاثی مجرد اسم کی مثال: جیسے صِدْقٌ (سچ) بروزن فِعْلٌ

صِدْقٌ = فِعْلٌ	ص=ف	د=ع	ق=ل

ثلاثی مجرد فعل کی مثال: جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ

ضَرَبَ=فَعَلَ	ض=ف	ر=ع	ب=ل

ثلاثی مزید فیہ کی تعریف:

ثلاثی مزید فیہ وہ کلمہ (اسم یا فعل)، جس میں تین حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو۔ جیسے:

ثلاثی مزید فیہ اسم کی مثال: جیسے حِمَارٌ (گدھا) بروزن فِعَالٌ

حِمَارٌ = فِعَالٌ	ح=ف	م=ع	ر=ل	الف زائدہ

ثلاثی مزید فیہ فعل کی مثال: جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ

اَکْرَمَ = اَفْعَلَ	ک=ف	ر=ع	م=ل	ہمزہ (ا) زائدہ

تنبیہ:

اگر فعل ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، مجرد ہو تو اس سے مشتق[1] یعنی نکلنے والے تمام اسماء و اَفعال بھی مجرد ہی کہلائیں گے، اگرچہ ان میں زائد حروف بھی آرہے ہوں۔ اور اگر فعل ماضی کا صیغہ واحد مذکر غائب، مزید فیہ ہو تو اس سے مشتق یعنی نکلنے والے تمام اسماء و اَفعال بھی مزید فیہ ہی کہلائیں گے۔

تمرین

سوال نمبر 1: ثلاثی مجرد اور مزید فیہ کی تعریف کریں اور مثال دیں۔

سوال نمبر 2: درج ذیل الفاظ میں سے ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ الگ الگ کریں۔

عِلْمٌ	صَعْبٌ	سَمِعَ
اَظْلَمَ	جَمْعٌ	اَنْكَحَ
نَصْرٌ	حَاسَبَ	بَطَلَ

(1)...... مشتق وہ اسم ہے، جسے مصدر سے بنایا گیا ہو۔ جیسے: ضَارِبٌ (مارنے والا ایک مرد)

باب کسے کہتے ہیں:

اَبواب باب کی جمع ہے صرفیوں کی اصطلاح میں مخصوص ثلاثی مجرد کے ماضی اور مضارع دونوں کے پہلے صیغے کو ملا کر اسے باب کا نام دیتے ہیں اور ثلاثی مجرد کے علاوہ مصادر کے مخصوص اوزان کو باب کہتے ہیں۔ جیسے: باب ضَرَبَ یَضْرِبُ، باب اِفْعَالٌ وغیرہ

ثلاثی مجرد کے ابواب کا بیان

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب ہیں:

(1)ضَرَبَ یَضْرِبُ (2)نَصَرَ یَنْصُرُ (3)سَمِعَ یَسْمَعُ

(4)فَتَحَ یَفْتَحُ (5)کَرُمَ یَکْرُمُ (6)حَسِبَ یَحْسِبُ

باب ضرب یضرب کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
ظُلْمٌ(زیادتی کرنا)	ظَلَمَ	یَظْلِمُ
عِرْفَانٌ(جاننا)	عَرَفَ	یَعْرِفُ
حَبْسٌ(روکنا)	حَبَسَ	یَحْبِسُ
کَسْرٌ(توڑنا)	کَسَرَ	یَکْسِرُ
سِرْقَةٌ(چرانا)	سَرَقَ	یَسْرِقُ
رُجُوْعٌ(واپس آنا)	رَجَعَ	یَرْجِعُ
خَرْقٌ(پھاڑنا)	خَرَقَ	یَخْرِقُ
حَمْلٌ(اٹھانا)	حَمَلَ	یَحْمِلُ
نُزُوْلٌ(اترنا)	نَزَلَ	یَنْزِلُ
قَصْدٌ(ارادہ کرنا)	قَصَدَ	یَقْصِدُ

باب نصر ینصر کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
نَقْصٌ(کم کرنا)	نَقَصَ	یَنْقُصُ
سَتْرٌ(چھپانا)	سَتَرَ	یَسْتُرُ
رَسْمٌ(نقشہ بنانا)	رَسَمَ	یَرْسُمُ
طَرْدٌ(دھتکارنا/ہٹانا)	طَرَدَ	یَطْرُدُ
سُکُوْتٌ(خاموش رہنا)	سَکَتَ	یَسْکُتُ
حُضُوْرٌ(آنا)	حَضَرَ	یَحْضُرُ
دِرَاسَةٌ(پڑھنا)	دَرَسَ	یَدْرُسُ
رَفْضٌ(رد کرنا/نہ ماننا)	رَفَضَ	یَرْفُضُ
زَجْرٌ(جھڑکنا)	زَجَرَ	یَزْجُرُ
سُجُوْدٌ(سجدہ کرنا)	سَجَدَ	یَسْجُدُ

باب سمع یسمع کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
أَسَفٌ (افسوس کرنا)	أَسِفَ	يَأْسَفُ
جَهْلٌ (نہ جاننا)	جَهِلَ	يَجْهَلُ
حَذَرٌ (ڈرنا)	حَذِرَ	يَحْذَرُ
مَرَضٌ (بیمار ہونا)	مَرِضَ	يَمْرَضُ
تَعَبٌ (تھکا ہوا ہونا)	تَعِبَ	يَتْعَبُ
قَلَقٌ (پریشان ہونا/بے چین ہونا)	قَلِقَ	يَقْلَقُ
سَعَادَةٌ (نیک بخت ہونا)	سَعِدَ	يَسْعَدُ
رُكُوْبٌ (سوار ہونا)	رَكِبَ	يَرْكَبُ
لَبْثٌ (ٹھہرنا)	لَبِثَ	يَلْبَثُ
كَرَاهَةٌ (ناپسند ہونا)	كَرِهَ	يَكْرَهُ

باب فتح یفتح کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
بَعْثٌ (بھیجنا)	بَعَثَ	يَبْعَثُ
جَرْحٌ (زخمی کرنا)	جَرَحَ	يَجْرَحُ
صَبْغٌ (رنگ کرنا)	صَبَغَ	يَصْبَغُ
رَهْنٌ (گروی رکھنا)	رَهَنَ	يَرْهَنُ
نَزْعٌ (نکالنا)	نَزَعَ	يَنْزَعُ
خَلْعٌ (اتارنا)	خَلَعَ	يَخْلَعُ
خُشُوْعٌ (عاجزی کرنا)	خَشَعَ	يَخْشَعُ
بَحْثٌ (تلاش کرنا)	بَحَثَ	يَبْحَثُ
مَضْغٌ (چبانا)	مَضَغَ	يَمْضَغُ
قَرْعٌ (کھٹکھٹانا)	قَرَعَ	يَقْرَعُ

باب کرم یکرم کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
صُعُوْبَةٌ(مشکل ہونا)	صَعُبَ	يَصْعُبُ
بَصَارَةٌ(بیناہونا)	بَصُرَ	يَبْصُرُ
سُهُوْلَةٌ(آسان ہونا)	سَهُلَ	يَسْهُلُ
بُطُوْلَةٌ(بہادر ہونا)	بَطُلَ	يَبْطُلُ
جَسَامَةٌ(بھاری بھر کم ہونا)	جَسُمَ	يَجْسُمُ
سَفَاهَةٌ(بے وقوف ہونا)	سَفُهَ	يَسْفُهُ
خُبْثاً(بدباطن ہونا)	خَبُثَ	يَخْبُثُ
رَذَالَةٌ(گھٹیاہونا)	رَذُلَ	يَرْذُلُ
حَرْكاً(متحرک ہونا)	حَرُكَ	يَحْرُكُ
حُكْماً(دانش مند ہونا)	حَكُمَ	يَحْكُمُ

باب حسب یحسب کی مثالیں

مصدر	ماضی	مضارع
فَشَلٌ(ناکام ہونا)	فَشِلَ	يَفْشِلُ

نوٹ: ثلاثی مجرد کے تمام مصادر کے اوزان سماعی[1] ہیں، ان کے بنانے کا کوئی مخصوص قاعدہ نہیں ہے۔

---

(1)......جس لفظ کا مخصوص صرفی قاعدہ نہ ہو اس لفظ کو سماعی کہتے ہیں، اس کی پہچان لغت کی کتابوں کی طرف رجوع کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔

تمرین

سوال نمبر1: باب کسے کہتے ہیں۔

سوال نمبر2: ثلاثی مجرد کے کل کتنے اور کون کونسے ابواب ہیں۔

سوال نمبر3: مذکورہ مصادر سے ماضی و مضارع کی گردانیں لکھیں اور یاد کریں۔

بائیسواں سبق

مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کا بیان

مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی اقسام

- مصدر
- مشتق
  - اسم فاعل
  - اسم مفعول
  - صفت مشبہ
  - اسم تفضیل
  - اسم ظرف
  - اسم آلہ
  - اسم مبالغہ
- جامد

مصدر (نکلنے کی جگہ): وہ اسم ہے جس سے دوسرے کلمات تو بنتے ہوں، لیکن وہ خود کسی سے نہ بنا ہو۔ جیسے: ضَرْبٌ (مارنا) دُخُوْلٌ (داخل ہونا)

مشتق (نکالا ہوا): وہ اسم ہے، جسے مصدر سے بنایا گیا ہو۔ جیسے: ضَارِبٌ (مارنے والا ایک مرد)

جامد (جما ہوا، ایک حالت پہ ٹھہرا ہوا): وہ اسم ہے جو کسی سے نہ بنایا گیا اور نہ ہی اس سے کوئی کلمہ بن سکے۔ جیسے: رَجُلٌ (مرد) فَرَسٌ (گھوڑا)

تمرین

سوال نمبر1: مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی کتنی اور کون کون سے اقسام ہیں، ہر ایک تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: اسم مشتق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں نام تحریر کریں۔

اسمِ فاعل کا بیان

اسمِ فاعل کی تعریف:

اسمِ فاعل وہ اسمِ مشتق ہے جو کسی کام کرنے والے کی ذات پر دلالت کرے۔ جیسے:

ضَارِبٌ (مارنے والا)

اسمِ فاعل کا صیغہ:

ثلاثی مجرد سے اسمِ فاعل، فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے: نَاصِرٌ (مدد کرنے والا)

اسمِ فاعل کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
ضَارِبٌ	مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
ضَارِبَانِ	مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
ضَارِبُوْنَ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
ضَارِبَةٌ	مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
ضَارِبَتَانِ	مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
ضَارِبَاتٌ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

تمرین

سوال نمبر1: اسمِ فاعل کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: ثلاثی مجرد سے اسمِ فاعل کا وزن مثال کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ سے اسمِ فاعل کی صیغہ و ترجمہ کے ساتھ گردان لکھیں اور یاد کریں۔

ذَاهِبٌ (جانے والا)	**جَالِسَةٌ** (بیٹھنے والی)	**عَادِلَانِ** (انصاف کرنے والے دومرد)
مَانِعَاتٌ (روکنے والی سب عورتیں)	**دَاخِلٌ** (داخل ہونے والا)	**لَاعِبَاتٌ** (کھیلنے والی سب عورتیں)

سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کریں اور ترجمہ کریں۔

خَادِمٌ	جَاعِلَانِ	خَارِجَاتٌ	سَامِعَتَانِ
قَاعِدَاتٌ	رَاجِعُوْنَ	كَامِلَةٌ	حَاذِرُوْنَ

اسم مفعول کی تعریف:

اسمِ مفعول وہ اسمِ مشتق ہے، جو ایسی ذات پر دلالت کرے، جس پر فعل واقع ہو۔ جیسے مَضْرُوْبٌ(مارا ہوا)

اسمِ مفعول کا صیغہ:

ثلاثی مجرد سے اسمِ مفعول، مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ جیسے: مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا)

گردان	ترجمہ	صیغہ
مَضْرُوْبٌ	مارا ہوا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مَضْرُوْبَانِ	مارے ہوئے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مَضْرُوْبُوْنَ	مارے ہوئے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مَضْرُوْبَةٌ	ماری ہوئی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
مَضْرُوْبَتَانِ	ماری ہوئی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
مَضْرُوْبَاتٌ	ماری ہوئی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

تمرین

سوال نمبر1: اسمِ مفعول کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: ثلاثی مجرد سے اسمِ مفعول کا صیغہ کس وزن پر آتا ہے۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ سے صیغہ وترجمہ کے ساتھ اسمِ مفعول کی گردان لکھیں۔

مَتْرُوْكَةٌ (چھوڑی ہوئی)   مَقْتُوْلَانِ (قتل کئے ہوئے دو مرد)   مَظْلُوْمَاتٌ (ظلم کی ہوئیں سب عورتیں)

مَكْتُوْبُوْنَ (لکھے ہوئے سب مرد)   مَعْلُوْمٌ (جانا ہوا)   مَشْرُوْبَانِ (پیئے ہوئے دو مرد)

سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کریں اور ترجمہ کریں۔

مَغْضُوْبُوْنَ	مَشْكُوْرَةٌ	مَحْفُوْظَانِ	مَخْلُوْقَاتٌ
مَنْصُوْرٌ	مَغْسُوْلَاتٌ	مَرْفُوْعَةٌ	مَقْطُوْعٌ

پچیسواں سبق

صفتِ مشبہ کا بیان

صفتِ مشبہ کی تعریف:

صفتِ مشبہ وہ اسمِ مشتق ہے، جو ایسی ذات پر دلالت کرے، جس میں صفت ہمیشہ کے لئے یا ایک عرصے تک پائی جائے۔ جیسے جَمِیْلٌ (خوبصورت) کَرِیْمٌ (سخی)

نوٹ: صفتِ مشبہ کے کئی اوزان ہیں، بعض کثیر الاستعمال اور مشہور اوزان بیان کئے جاتے ہیں:

صفتِ مشبہ کے چند مشہور اوزان

وزن	مثال	معنی	وزن	مثال	معنی
فِعْلٌ	صِفْرٌ	خالی	فَعُوْلٌ	رَءُوْفٌ	مہربان
فُعْلٌ	صُلْبٌ	سخت	فَعِيْلٌ	كَبِيْرٌ	بڑا
فَعْلَاءُ	حَمْرَاءُ	سرخ عورت	اَفْعَلُ	اَبْيَضُ	سفید
فَعْلٰى	عَطْشٰى	پیاسی عورت	فَعِلٌ	لَسِنٌ	تیز

تمرین

سوال نمبر1:صفتِ مشبہ کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2:صفتِ مشبہ کے کوئی سے پانچ اوزان مثال اور ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر3:درج ذیل الفاظ سے اوزان کی پہچان کریں۔

كَرِيْمٌ	فَرِحٌ	اَعْوَرُ
زَرْقَاءُ	اَحْمَرُ	شَرِيْفٌ

اسمِ تفضیل کی تعریف:

اسمِ تفضیل وہ اسمِ مشتق ہے جو یہ ظاہر کرے کہ دو یا دو سے زیادہ چیزیں ایک وصف میں شریک تو ہیں لیکن ان میں سے ایک شے دوسری شے سے وصف میں زیادہ ہے۔ جیسے: اَلْاُسْتَاذُ اَفْضَلُ مِنَ الطَّالِبِ (استاد طالب علم سے زیادہ فضیلت والا ہے) میں "اَفْضَلُ"

اسمِ تفضیل کے اوزان:

اسمِ تفضیل مذکر کا صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے جیسے اَضْرَبُ

اسمِ تفضیل مؤنث کا صیغہ فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے جیسے ضُرْبٰی

اسمِ تفضیل کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
اَضْرَبُ	زیادہ مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل
اَضْرَبَانِ	زیادہ مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل
اَضْرَبُوْنَ	زیادہ مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر اسم تفضیل
ضُرْبٰی	زیادہ مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث اسم تفضیل
ضُرْبَیَانِ	زیادہ مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم تفضیل
ضُرْبَیَاتٌ	زیادہ مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث اسم تفضیل

تمرین

سوال نمبر1: اسمِ تفضیل کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: اسمِ تفضیل کے کتنے اور کون کون سے اوزان ہیں مثال کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ سے اسمِ تفضیل کی گردان صیغہ و ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

اَنْفَعُ (زیادہ نفع مند)	اَطْوَلُ (زیادہ لمبا)	اَصْغَرُ (زیادہ چھوٹا)
اَفْضَلُ (زیادہ فضیلت والا)	اَقْرَبُ (زیادہ قریب)	اَعْلَمُ (زیادہ جاننے والا)

سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کریں اور ترجمہ کریں۔

اَکْرَمَانِ	رُحْمٰی	اَحْرَصُوْنَ
فُصْحَیَاتٌ	اَکْثَرُ	حُسْنَیَانِ

اسمِ ظرف کی تعریف:

اسمِ ظرف وہ اسمِ مشتق ہے جو کام کی جگہ یا وقت کو بیان کرے۔ جیسے: مَلْعَبٌ (کھیلنے کی جگہ یا وقت)

اسمِ ظرف کے اوزان:

ثلاثی مجرد سے اسمِ ظرف دو وزن پر آتا ہے:

1۔مَفْعَلٌ جیسے مَکْتَبٌ (لکھنے کی جگہ یا وقت)

2۔مَفْعِلٌ جیسے مَجْلِسٌ (بیٹھنے کی جگہ یا وقت)

يَفْعَلُ ←	مَفْعَلٌ
يَفْعُلُ ←	مَفْعَلٌ
يَفْعِلُ ←	مَفْعِلٌ

اسمِ ظرف کے وزن مَفعَلٌ کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مَشْرَبٌ	پینے کا ایک وقت یا جگہ	صیغہ واحد اسم ظرف
مَشْرَبَانِ	پینے کے دو وقت یا جگہیں	صیغہ تثنیہ اسم ظرف
مَشَارِبُ	پینے کے بہت سے وقت یا جگہیں	صیغہ جمع اسم ظرف

گردان	ترجمہ	صیغہ
مَضْرِبٌ	مارنے کا ایک وقت یا جگہ	صیغہ واحد اسم ظرف
مَضْرِبَانِ	مارنے کے دو وقت یا جگہیں	صیغہ تثنیہ اسم ظرف
مَضَارِبُ	مارنے کے بہت سے وقت یا جگہیں	صیغہ جمع اسم ظرف

تمرین

سوال نمبر1: اسمِ ظرف کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: اسمِ ظرف کے ثلاثی مجرد سے کتنے اور کون کون سے اوزان ہیں مثال کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ سے صیغہ و ترجمہ کے ساتھ اسمِ ظرف کی گردان لکھیں۔

مَجْمَعٌ (جمع ہونے کی جگہ/وقت) مَدْخَلٌ (داخل ہونے کی جگہ/وقت) مَنْزِلٌ (اترنے کی جگہ/وقت)

سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کریں اور ترجمہ کریں۔

مَقَاعِدُ مَقْتَلٌ مَطْعَمٌ

مَصْرِفٌ مَنْظَرَانِ مَرْجِعٌ

اٹھائیسواں سبق

اسمِ آلہ کا بیان

اسمِ آلہ کی تعریف:

اسمِ آلہ وہ اسمِ مشتق ہے جو اس چیز کو ظاہر کرے جس کے ذریعے کام کیا جاتا ہے۔

جیسے مِفْتَاحٌ (کھولنے کا آلہ یعنی چابی)

اسمِ آلہ کے اوزان:

اسمِ آلہ کے تین اوزان ہیں:

1۔مِفْعَلٌ جیسے مِضْرَبٌ(مارنے کا چھوٹا آلہ)

2۔مِفْعَلَةٌ جیسے مِضْرَبَةٌ(مارنے کا درمیانہ آلہ)

3۔مِفْعَالٌ جیسے مِضْرَابٌ(مارنے کا بڑا آلہ)

اسمِ آلہ کے وزن مِفْعَلٌ کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِضْرَبٌ	مارنے کا ایک چھوٹا آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ
مِضْرَبَانِ	مارنے کے دو چھوٹے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ
مَضَارِبُ	مارنے کے سب چھوٹے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ

اسمِ آلہ کے وزن مِفْعَلَةٌ کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِضْرَبَةٌ	مارنے کا ایک درمیانہ آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ
مِضْرَبَتَانِ	مارنے کے دو درمیانے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ
مَضَارِبُ	مارنے کے سب درمیانے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ

اسمِ آلہ کے وزن مِفْعَالٌ کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
مِضْرَابٌ	مارنے کا ایک بڑا آلہ	صیغہ واحد اسم آلہ
مِضْرَابَانِ	مارنے کے دو بڑے آلے	صیغہ تثنیہ اسم آلہ
مَضَارِيْبُ	مارنے کے سب بڑے آلے	صیغہ جمع اسم آلہ

تمرین

سوال نمبر1: اسم آلہ کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: اسم آلہ کے کتنے اور کون کون سے اوزان ہیں مثال کے ساتھ بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ سے صیغہ وترجمہ کے ساتھ اسم آلہ کی گردان لکھیں۔

مِنْشَارٌ (آری) مِطْرَقَةٌ (ہتھوڑا) مِبْرَدٌ (ریتی) مِقْرَاضٌ (قینچی)

سوال نمبر4: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کریں اور ترجمہ کریں۔

مَقَالِيْدُ مَفَاتِحُ مِكْنَسَةٌ

مِصْبَاحٌ مِسْطَرَانِ مِغْزَلٌ

اسمِ مبالغہ کی تعریف:

اسمِ مبالغہ وہ اسمِ مشتق ہے جس میں کسی کام کی کثرت اور زیادتی سمجھی جائے۔ **جیسے عَلَّامٌ** (بہت زیادہ جاننے والا)

نوٹ: اسمِ مبالغہ کے تمام اوزان سماعی ہیں۔

وزن	مثال	معنی	وزن	مثال	معنی
فَعِلٌ	حَذِرٌ	بہت ڈرنے والا	فَعِیْلٌ	رَحِیْمٌ	بہت رحم والا
فَعُوْلٌ	ضَرُوْبٌ	بہت مارنے والا	فَعَّالٌ	قَطَّاعٌ	بہت کاٹنے والا
مِفْعَالٌ	مِنْصَارٌ	بہت مدد کرنے والا	فَعْلَانُ	غَضْبَانُ	بہت غصے والا

تمرین

سوال نمبر1: اسم مبالغہ کی تعریف اور مثال بیان کریں۔

سوال نمبر2: اسم مبالغہ کے کوئی سے چار اوزان، مثال اور ترجمہ کے ساتھ لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل الفاظ کا ترجمہ کرکے، اوزان کی پہچان کریں۔

اَكُوْلٌ	سَفَّاكٌ	شَكُوْرٌ
كَسْلَانُ	فَطِنٌ	مِقْطَاعٌ

اسماءِ مشتقہ کی مشترکہ تمرین

سوال: درج ذیل اسماء سے اسماءِ مشتقہ کی اقسام کی پہچان کریں۔

مِنْعَامٌ (بہت انعام دینے والا)	اَفْقَرُ (زیادہ محتاج)	مَشْهُوْدٌ (گواہی دیا ہوا)
عَاقِلُوْنَ (عقل والے سب مرد)	مَسْمُوْعَةٌ (سنی ہوئی)	كَذِبٌ (بہت جھوٹ بولنے والا)
شَارِبَتَانِ (پینے والے دو مرد)	مَصْنَعٌ (چیزیں تیار کرنے کی جگہ)	اَكْبَرُ (زیادہ بڑا)
قَاتِلٌ (قتل کرنے والا)	اَشْرَفُ (زیادہ شریف)	مِلْعَقَةٌ (چمچی)
نَاشِرَاتٌ (پھیلانے والیاں)	صَدُوْقٌ (بہت سچ بولنے والا)	نَصِيْرٌ (بہت مدد کرنے والا)
مَطْلُوْبَانِ (طلب کیے ہوئے دو مرد)	مَذْبَحٌ (ذبح کرنے کی جگہ یا وقت)	مِكْشَفٌ (کھولنے کا آلہ)
اَفْهَمُوْنَ (زیادہ سمجھدار وہ سب مرد)	صَبُوْرٌ (بہت صبر کرنے والا)	مَفْتُوْحٌ (کھولا ہوا)

ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کے بیان

ثلاثی مزید فیہ کے بارہ ابواب ہیں:

1۔اِفْعَالٌ	2۔تَفْعِیْلٌ	3۔مُفَاعَلَةٌ	4۔ تَفَعُّلٌ
5۔تَفَاعُلٌ	6۔اِفْتِعَالٌ	7۔ اِسْتِفْعَالٌ	8۔ اِنْفِعَالٌ
9۔اِفْعِلَالٌ	10۔اِفْعِیْلَالٌ	11۔اِفْعِیْعَالٌ	12۔اِفْعِوَّالٌ

کثیر الاستعمال ابواب کی ماضی و مضارع معروف کی گردانیں

1۔ باب اِفْعَالٌ جیسے اِکْرَامٌ (عزت کرنا)

اِکْرَامٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
اَکْرَمَ	عزت کی اُس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
اَکْرَمَا	عزت کی ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
اَکْرَمُوْا	عزت کی ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
اَکْرَمَتْ	عزت کی اس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
اَکْرَمَتَا	عزت کی ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
اَکْرَمْنَ	عزت کی ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
اَکْرَمْتَ	عزت کی تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
اَکْرَمْتُمَا	عزت کی تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
اَکْرَمْتُمْ	عزت کی تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
اَکْرَمْتِ	عزت کی تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اَکْرَمْتُمَا	عزت کی تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اَکْرَمْتُنَّ	عزت کی تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَکْرَمْتُ	عزت کی میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
اَکْرَمْنَا	عزت کی ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

اِکْرَامٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
يُكْرِمُ	عزت کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
يُكْرِمَانِ	عزت کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يُكْرِمُوْنَ	عزت کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تُكْرِمُ	عزت کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تُكْرِمَانِ	عزت کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
يُكْرِمْنَ	عزت کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تُكْرِمُ	عزت کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تُكْرِمَانِ	عزت کرتے ہیں یا کریں گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تُكْرِمُوْنَ	عزت کرتے ہیں یا کریں گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تُكْرِمِيْنَ	عزت کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تُكْرِمَانِ	عزت کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تُكْرِمْنَ	عزت کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اُكْرِمُ	عزت کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نُكْرِمُ	عزت کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

سوال نمبر1: ثلاثی مزید فیہ کے کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں۔

سوال نمبر2: درج ذیل مصادر سے ترجمہ وصیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

اِسْلَامٌ (فرمانبردار ہونا)، اِبْلَاغٌ (پہنچانا)، اِکْمَالٌ (پورا کرنا)، اِفْہَامٌ (سمجھانا)، اِبْطَالٌ (باطل کرنا)

سوال نمبر3: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کرکے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں۔

نُنْشِزُ	یُسْکِنُ	تُنْزِلُ	اَمْسَکْنَ
اَعْلَنْتُ	اَحْصَنَتْ	تُجْرِمُوْنَ	یُطْعِمُوْنَ

اکتیسواں سبق

2۔ باب تَفْعِیْلٌ جیسے تَصْرِیْفٌ (پھیرنا)

تَصْرِیْفٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
صَرَّفَ	پھیرا اُس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
صَرَّفَا	پھیرا ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
صَرَّفُوْا	پھیرا ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
صَرَّفَتْ	پھیرا اُس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
صَرَّفَتَا	پھیرا ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
صَرَّفْنَ	پھیرا ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
صَرَّفْتَ	پھیرا تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
صَرَّفْتُمَا	پھیرا تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
صَرَّفْتُمْ	پھیرا تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
صَرَّفْتِ	پھیرا تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
صَرَّفْتُمَا	پھیرا تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
صَرَّفْتُنَّ	پھیرا تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
صَرَّفْتُ	پھیرا میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
صَرَّفْنَا	پھیرا ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تَصْرِیْفُ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یُصَرِّفُ	پھیرتا ہے یا پھیرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یُصَرِّفَانِ	پھیرتے ہیں یا پھیریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یُصَرِّفُوْنَ	پھیرتے ہیں یا پھیریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تُصَرِّفُ	پھیرتی ہے یا پھیرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تُصَرِّفَانِ	پھیرتی ہیں یا پھیریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یُصَرِّفْنَ	پھیرتی ہیں یا پھیریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تُصَرِّفُ	پھیرتا ہے یا پھیرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تُصَرِّفَانِ	پھیرتے ہو یا پھیرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تُصَرِّفُوْنَ	پھیرتے ہو یا پھیرو گے تم دو مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تُصَرِّفِیْنَ	پھیرتی ہے یا پھیرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تُصَرِّفَانِ	پھیرتی ہو یا پھیرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تُصَرِّفْنَ	پھیرتی ہو یا پھیرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اُصَرِّفُ	پھیرتا ہوں یا پھیروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نُصَرِّفُ	پھیرتے ہیں یا پھیریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر 1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ وصیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں؟

تَمْلِيْكٌ (مالک بنانا)، **تَشْهِيْرٌ** (مشہور کرنا)، **تَكْذِيْبٌ** (جھٹلانا)، **تَقْدِيْمٌ** (آگے کرنا)، **تَعْلِيْمٌ** (سکھانا)

سوال نمبر 2: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کرکے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں؟

يُصَدِّقُوْنَ	نُثَبِّتُ	قَرَّبَا	بَدَّلْنَا
غَلَّقَتْ	تُسَبِّحُوْنَ	تُطَهِّرُ	فَكَّرَ

3۔باب مُفَاعَلَةٌ جیسے مُقَابَلَةٌ (سامنے ہونا)

مُقَابَلَةٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
قَابَلَ	مقابلہ کیا اس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
قَابَلَا	مقابلہ کیا ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
قَابَلُوْا	مقابلہ کیا ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
قَابَلَتْ	مقابلہ کیا اس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
قَابَلَتَا	مقابلہ کیا ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
قَابَلْنَ	مقابلہ کیا ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
قَابَلْتَ	مقابلہ کیا تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
قَابَلْتُمَا	مقابلہ کیا تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
قَابَلْتُمْ	مقابلہ کیا تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
قَابَلْتِ	مقابلہ کیا تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
قَابَلْتُمَا	مقابلہ کیا تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
قَابَلْتُنَّ	مقابلہ کیا تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
قَابَلْتُ	مقابلہ کیا میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
قَابَلْنَا	مقابلہ کیا ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

مُقَابَلَةٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
يُقَابِلُ	مقابلہ کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
يُقَابِلَانِ	مقابلہ کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يُقَابِلُوْنَ	مقابلہ کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تُقَابِلُ	مقابلہ کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تُقَابِلَانِ	مقابلہ کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
يُقَابِلْنَ	مقابلہ کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تُقَابِلُ	مقابلہ کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تُقَابِلَانِ	مقابلہ کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تُقَابِلُوْنَ	مقابلہ کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تُقَابِلِيْنَ	مقابلہ کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تُقَابِلَانِ	مقابلہ کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تُقَابِلْنَ	مقابلہ کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اُقَابِلُ	مقابلہ کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر ومؤنث)
نُقَابِلُ	مقابلہ کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر ومؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ وصیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں؟

مُفَارَقَةٌ(جدا ہونا)،**مُطَالَبَةٌ**(طلب کرنا)،**مُشَابَهَةٌ**(ہم شکل ہونا)،**مُحَارَبَةٌ**(جنگ کرنا)،**مُنَازَعَةٌ**(جھگڑا کرنا)

سوال نمبر 2: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کر کے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں؟

ظَاهَرُوْا	هَاجَرْنَ	تُخَالِفْنَ	تُبَارِكِيْنَ
يُحَافِظْنَ	جَادَلْتُمْ	يُخَادِعُوْنَ	جَاهَدَ

4۔باب تَفَعُّلٌ جیسے تَقَبُّلٌ (قبول کرنا)

تَقَبُّلٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

صیغہ	ترجمہ	گردان
صیغہ واحد مذکر غائب	قبول کیا اس ایک مرد نے	تَقَبَّلَ
صیغہ تثنیہ مذکر غائب	قبول کیا ان دو مردوں نے	تَقَبَّلَا
صیغہ جمع مذکر غائب	قبول کیا ان سب مردوں نے	تَقَبَّلُوْا
صیغہ واحد مؤنث غائب	قبول کیا اس ایک عورت نے	تَقَبَّلَتْ
صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	قبول کیا ان دو عورتوں نے	تَقَبَّلَتَا
صیغہ جمع مؤنث غائب	قبول کیا ان سب عورتوں نے	تَقَبَّلْنَ
صیغہ واحد مذکر حاضر	قبول کیا تو ایک مرد نے	تَقَبَّلْتَ
صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	قبول کیا تم دو مردوں نے	تَقَبَّلْتُمَا
صیغہ جمع مذکر حاضر	قبول کیا تم سب مردوں نے	تَقَبَّلْتُمْ
صیغہ واحد مؤنث حاضر	قبول کیا تو ایک عورت نے	تَقَبَّلْتِ
صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	قبول کیا تم دو عورتوں نے	تَقَبَّلْتُمَا
صیغہ جمع مؤنث حاضر	قبول کیا تم سب عورتوں نے	تَقَبَّلْتُنَّ
صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)	قبول کیا میں نے	تَقَبَّلْتُ
صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)	قبول کیا ہم دو یا سب نے	تَقَبَّلْنَا

تَقَبُّلٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یَتَقَبَّلُ	قبول کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یَتَقَبَّلَانِ	قبول کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یَتَقَبَّلُوْنَ	قبول کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَتَقَبَّلُ	قبول کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَتَقَبَّلَانِ	قبول کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یَتَقَبَّلْنَ	قبول کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَتَقَبَّلُ	قبول کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَتَقَبَّلَانِ	قبول کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَتَقَبَّلُوْنَ	قبول کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَتَقَبَّلِیْنَ	قبول کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَتَقَبَّلَانِ	قبول کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَتَقَبَّلْنَ	قبول کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَتَقَبَّلُ	قبول کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَتَقَبَّلُ	قبول کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ وصیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں؟

تَبَسُّمٌ (مسکرانا)، **تَکَلُّمٌ** (بات کرنا)، **تَقَدُّسٌ** (پاک ہونا)، **تَقَرُّبٌ** (قرب حاصل کرنا)، **تَفَکُّرٌ** (غور کرنا)

سوال نمبر 2: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کرکے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں؟

تَقَدَّمَا	يَتَذَكَّرَانِ	يَتَدَبَّرُوْنَ	تَنَفَّسَتْ
تَتَرَبَّصْنَ	تَلَبَّثُوْا	تَفَرَّقَ	تَتَعَلَّمُوْنَ

5۔باب تَفَاعُلٌ جیسے تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کے سامنے آنا)

تَقَابُلٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
تَقَابَلَ	تقابل کیا اس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
تَقَابَلَا	تقابل کیا ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
تَقَابَلُوْا	تقابل کیا ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
تَقَابَلَتْ	تقابل کیا اس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَقَابَلَتَا	تقابل کیا ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
تَقَابَلْنَ	تقابل کیا ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَقَابَلْتَ	تقابل کیا تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَقَابَلْتُمَا	تقابل کیا تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَقَابَلْتُمْ	تقابل کیا تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَقَابَلْتِ	تقابل کیا تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَقَابَلْتُمَا	تقابل کیا تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَقَابَلْتُنَّ	تقابل کیا تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
تَقَابَلْتُ	تقابل کیا میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
تَقَابَلْنَا	تقابل کیا ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تَقَابُلٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یَتَقَابَلُ	تقابل کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یَتَقَابَلَانِ	تقابل کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یَتَقَابَلُوْنَ	تقابل کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَتَقَابَلُ	تقابل کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَتَقَابَلَانِ	تقابل کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یَتَقَابَلْنَ	تقابل کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَتَقَابَلُ	تقابل کرتا ہے یا کرے تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَتَقَابَلَانِ	تقابل کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَتَقَابَلُوْنَ	تقابل کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَتَقَابَلِیْنَ	تقابل کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَتَقَابَلَانِ	تقابل کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَتَقَابَلْنَ	تقابل کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَتَقَابَلُ	تقابل کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَتَقَابَلُ	تقابل کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر 1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ و صیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں؟

تَمَارُضٌ (اپنے آپ کو بیمار بنانا)، **تَعَارُفٌ** (ایک دوسرے کی پہچان کرنا)، **تَبَاعُدٌ** (ایک دوسرے سے دور ہونا)، **تَفَاخُرٌ** (آپس میں فخر کرنا)، **تَحَاسُدٌ** (ایک دوسرے سے جلنا)

سوال نمبر 2: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کرکے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں؟

تَتَنَاصَرُوْنَ	تَظَاهَرَا	تَعَاسَرْتُمْ	تَشَابَهْنَ
تَقَاسَمُوْا	يَتَشَابَهُ	يَتَنَازَعُوْنَ	تَبَارَكْتُ

6۔ باب اِفْتِعَالٌ جیسے اِجْتِنَابٌ (بچنا)

اِجْتِنَابٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

صیغہ	ترجمہ	گردان
صیغہ واحد مذکر غائب	بچا وہ ایک مرد	اِجْتَنَبَ
صیغہ تثنیہ مذکر غائب	بچے وہ دو مرد	اِجْتَنَبَا
صیغہ جمع مذکر غائب	بچے وہ سب مرد	اِجْتَنَبُوْا
صیغہ واحد مؤنث غائب	بچی وہ ایک عورت	اِجْتَنَبَتْ
صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	بچیں وہ دو عورتیں	اِجْتَنَبَتَا
صیغہ جمع مؤنث غائب	بچیں وہ سب عورتیں	اِجْتَنَبْنَ
صیغہ واحد مذکر حاضر	بچا تو ایک مرد	اِجْتَنَبْتَ
صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	بچے تم دو مرد	اِجْتَنَبْتُمَا
صیغہ جمع مذکر حاضر	بچے تم سب مرد	اِجْتَنَبْتُمْ
صیغہ واحد مؤنث حاضر	بچی تو ایک عورت	اِجْتَنَبْتِ
صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	بچیں تم دو عورتیں	اِجْتَنَبْتُمَا
صیغہ جمع مؤنث حاضر	بچیں تم سب عورتیں	اِجْتَنَبْتُنَّ
صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)	بچا میں	اِجْتَنَبْتُ
صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)	بچے ہم دو یا سب	اِجْتَنَبْنَا

اِجْتِنَابٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
یَجْتَنِبُ	بچاہے یا بچے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
یَجْتَنِبَانِ	بچے ہیں یا بچیں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
یَجْتَنِبُوْنَ	بچے ہیں یا بچیں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَجْتَنِبُ	بچی ہے یا بچے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَجْتَنِبَانِ	بچی ہیں یا بچیں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
یَجْتَنِبْنَ	بچی ہیں یا بچیں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَجْتَنِبُ	بچتا ہے یا بچے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَجْتَنِبَانِ	بچتے ہو یا بچو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَجْتَنِبُوْنَ	بچتے ہو یا بچو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَجْتَنِبِیْنَ	بچتی ہے یا بچے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَجْتَنِبَانِ	بچتی ہو یا بچو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَجْتَنِبْنَ	بچتی ہو یا بچو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَجْتَنِبُ	بچتا ہوں یا بچوں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَجْتَنِبُ	بچتے ہیں یا بچیں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ وصیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں؟ اِخْتِلَاطٌ(ملنا)، اِسْتِمَاعٌ (توجہ سے سننا)، اِعْتِمَادٌ (بھروسہ رکھنا)، اِکْتِسَابٌ (کمانا)، اِغْتِسَالٌ (نہانا)

سوال نمبر2: درج ذیل افعال سے صیغہ کی پہچان کرکے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں؟

اِقْتَرَبَتْ	تَسْتَتِرُوْنَ	يَعْتَذِرُوْنَ	اِخْتَصَمْنَ
اِعْتَرَفُوْا	اِغْتَرَفْتُنَّ	نَخْتَلِفُ	اَحْتَسِبُ

چھتیسواں سبق

7۔ باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اِسْتِنْصَارٌ (مدد طلب کرنا)

اِسْتِنْصَارٌ مصدر سے فعل ماضی معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
اِسْتَنْصَرَ	مدد طلب کی اُس ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر غائب
اِسْتَنْصَرَا	مدد طلب کی ان دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
اِسْتَنْصَرُوْا	مدد طلب کی ان سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر غائب
اِسْتَنْصَرَتْ	مدد طلب کی اُس ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث غائب
اِسْتَنْصَرَتَا	مدد طلب کی ان دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
اِسْتَنْصَرْنَ	مدد طلب کی ان سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث غائب
اِسْتَنْصَرْتَ	مدد طلب کی تو ایک مرد نے	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِسْتَنْصَرْتُمَا	مدد طلب کی تم دو مردوں نے	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
اِسْتَنْصَرْتُمْ	مدد طلب کی تم سب مردوں نے	صیغہ جمع مذکر حاضر
اِسْتَنْصَرْتِ	مدد طلب کی تو ایک عورت نے	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اِسْتَنْصَرْتُمَا	مدد طلب کی تم دو عورتوں نے	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اِسْتَنْصَرْتُنَّ	مدد طلب کی تم سب عورتوں نے	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اِسْتَنْصَرْتُ	مدد طلب کی میں نے	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
اِسْتَنْصَرْنَا	مدد طلب کی ہم دو یا سب نے	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

اِسۡتِنۡصَارٌ مصدر سے فعل مضارع معروف کی گردان

گردان	ترجمہ	صیغہ
يَسْتَنْصِرُ	مدد طلب کرتا ہے یا کرے گا وہ ایک مرد	صیغہ واحد مذکر غائب
يَسْتَنْصِرَانِ	مدد طلب کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر غائب
يَسْتَنْصِرُوْنَ	مدد طلب کرتے ہیں یا کریں گے وہ سب مرد	صیغہ جمع مذکر غائب
تَسْتَنْصِرُ	مدد طلب کرتی ہے یا کرے گی وہ ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث غائب
تَسْتَنْصِرَانِ	مدد طلب کرتی ہیں یا کریں گی وہ دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب
يَسْتَنْصِرْنَ	مدد طلب کرتی ہیں یا کریں گی وہ سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث غائب
تَسْتَنْصِرُ	مدد طلب کرتا ہے یا کرے گا تو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
تَسْتَنْصِرَانِ	مدد طلب کرتے ہو یا کرو گے تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
تَسْتَنْصِرُوْنَ	مدد طلب کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
تَسْتَنْصِرِيْنَ	مدد طلب کرتی ہے یا کرے گی تو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
تَسْتَنْصِرَانِ	مدد طلب کرتی ہو یا کرو گی تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
تَسْتَنْصِرْنَ	مدد طلب کرتی ہو یا کرو گی تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر
اَسْتَنْصِرُ	مدد طلب کرتا ہوں یا کروں گا میں	صیغہ واحد متکلم (مذکر و مؤنث)
نَسْتَنْصِرُ	مدد طلب کرتے ہیں یا کریں گے ہم دو یا سب	صیغہ تثنیہ و جمع متکلم (مذکر و مؤنث)

تمرین

سوال نمبر 1: درج ذیل مصادر سے ترجمہ و صیغہ کے ساتھ فعل ماضی و مضارع معروف کی گردان لکھیں اور یاد کریں۔

اِسْتِغْفَارٌ (بخشش طلب کرنا)،**اِسْتِخْدَامٌ** (خدمت چاہنا)،**اِسْتِبْشَارٌ** (خوش ہونا)،**اِسْتِخْبَارٌ** (خبر دریافت کرنا)،**اِسْتِفْهَامٌ** (پوچھنا)

سوال نمبر 2: درج ذیل الفاظ سے صیغہ کی پہچان کر کے ترجمہ کریں، نیز فعل ماضی و مضارع کی بھی نشاندہی کریں۔

نَسْتَنْسِخُ	تَسْتَسْخِرِيْنَ	اِسْتَغْلَظَتْ	اِسْتَعْجَلْتُمْ
اِسْتَكْبَرُوْا	اِسْتَعْصَمَ	يَسْتَفْتِحُوْنَ	تَسْتَكْثِرُ

ثلاثی مزید فیہ کے مذکورہ تمام ابواب کی مشترکہ تمرین

سوال: درج ذیل افعال سے باب کی پہچان کریں اور صیغہ بیان کریں۔

اَدْرَکْنَا(ہم نے پایا)	یُفَتِّشُ(وہ تفتیش کرتا ہے یا کرے گا)
صَنَّفْتُ(میں نے تصنیف کی)	حَاسَبْتُ(میں نے حساب لیا)
یَعْتَذِرُ(وہ عذر پیش کرتا ہے یا کرے گا)	یَتَعَجَّبَانِ(تعجب کرتے ہیں یا کریں گے وہ دو مرد)
اَصْلَحُوْا(اصلاح کی ان سب نے)	تَمْتَحِنُ(امتحان لیتا ہے یا لے گا تو ایک مرد)
تُجَهِّزُ(تو تیار کرتا ہے یا کرے گا)	تُعْرِضُوْنَ(اعراض کرتے ہو یا کرو گے تم سب مرد)
زَيَّنَ(آراستہ کیا اس ایک مرد نے)	فَتَّشْتُ(میں نے تفتیش کی)
تَرَاجَعُوْا(تم سب نے باہم رجوع کیا)	تَسْتَحْفِظُوْنَ(حفاظت طلب کرتے ہو یا کرو گے تم سب)
قَدَّرْنَا(ہم نے اندازہ کیا)	یُدْهِنُ(وہ نرمی کرتا ہے یا کرے گا)
تَجَنَّبْتُ(میں نے اجتناب کیا)	یَسْتَمِعُوْنَ(دھیان سے سنتے ہیں یا سنیں گے وہ سب مرد)
اَزْلَفْنَا(ہم نے قریب کیا)	تَنْتَقِمِيْنَ(انتقام لیتی ہے یا لے گی تو ایک عورت)
اِسْتَمْسَکَ(اس نے مضبوطی سے تھاما)	کَاتَبْتُ(میں نے باہم خط و کتابت کی)

یَتَضَرَّعُوْنَ(گڑگڑاتے ہیں یا گڑگڑائیں گے وہ سب مرد) یَسْتَبْشِرُوْنَ(خوشیاں مناتے ہیں یا منائیں گے وہ سب مرد)

فہرست

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
اساس الصرف کی خصوصیات و فوائد	3	ابواب کا بیان	56
علمِ صرف کا تعارف	5	ثلاثی مجرد کے ابواب کا بیان	56
کلمہ کا بیان	6	مشتق ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کا بیان	61
فعل کی تقسیم کا بیان	8		
زمانے کے اعتبار سے فعل کی تقسیم	8	اسم فاعل کا بیان	63
فاعل کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی تقسیم	10	اسم مفعول کا بیان	65
		صفت مشبہ کا بیان	67
ضمیر کا بیان	12	اسم تفضیل کا بیان	69
فعل ماضی کا بیان	16	اسم ظرف کا بیان	71
فعل مضارع کا بیان	25	اسم آلہ کا بیان	73
فعل امر کا بیان	37	اسم مبالغہ کا بیان	75
فعل نہی کا بیان	46	ثلاثی مزید فیہ کے ابواب کے بیان	77
حروف اصلیہ وزائدہ کا بیان	52	ثلاثی مزید فیہ کے کثیر الاستعمال ابواب کی ماضی و مضارع معروف کی گردانیں	78
ثلاثی کا بیان	54		

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قوتِ حافظہ بڑھانے والے کام

حُجَّۃُ الاسلام حضرت سیدنا امام محمد غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی فرماتے ہیں: چار چیزیں عقل کو بڑھاتی ہیں۔

(1) فضول گوئی سے بچنا (2) مسواک کرنا

(3) صالحین کی صحبت اختیار کرنا

(4) علما کی مجلس میں حاضر ہونا۔

احیاء العلوم، کتاب آداب الاکل، الباب الرابع فی آداب الضیافۃ، 27/2

978-969-722-304-6
01013327

فیضانِ مدینہ سوق الخضار السابق حي سوداگران کراتشي، باکستان.
UAN+۹۲ ۲۱ ۱۱۱ ۱۱ ۲۵ ۲۶ ۹۲ التحویلة: ۱۱۴۴/ ۲۶۵۰
Web: www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
Email: feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net